Urdu

# GLP-1 یکساں اثر والی دواء کے ساتھ علاج

## مختصراً علاج کے متعلق

GLP-1 آنتوں کا ایک ہارمون ہے جو انسولین کی پیداوار کو متحرک کرتا ہے۔ یہ خون میں شوگر کو کم کرتا ہے اور ٹائپ 2 ذیابیطس کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

اس کے ساتھ GLP-1 یکساں اثر کی دواء بھوک کو کم کرنے کا اثر رکھتی ہے جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کا وزن کم ہوتا ہے۔ GLP-1 ایک مخفف ہے جس کا پورا نام (Glucagon Like Peptide-1) گلوکوگون لائیک پیپٹائیڈ-1

## آپ GLP-1 یکساں اثر والی دواء اس طرح لے سکتے ہیں

آپ کے لئے GLP-1 یکساں اثر والی دواء کو ٹیکہ لگا کر اور گولیاں لے کر ہر دو طرح سے استعمال کرنا ممکن ہے۔

**اگر آپ کو GLP-1 ٹیکے کے طور پر تجویز کی گئی ہے:** آپ کو اسے پیٹ کی جلد یا ران میں روزانہ یا ہفتہ وار (ہفتے کے ایک مقررہ دن) میں ٹیکہ لگانا چاہیے۔ 'انسولین یا GLP-1 کیسے لیں' نامی کتابچہ میں دیکھیں۔ www.sdcc.dk پر عنوان تلاش کریں۔

**اگر آپ کو ایک گولی کے طور پر GLP-1 یکساں اثر والی دواء تجویز کی گئی ہو :**

- آپ کو دن میں ایک بار 1 گولی ضرور لینا چاہیے۔
- آپ گولی دن کے کسی بھی وقت لے سکتے ہیں، لیکن آپ کو اسے خالی پیٹ لینا چاہیے۔
- اس کا مطلب یہ کہ 6 گھنٹے کے روزے کے بعد۔ اس کے بعد کم از کم 30 منٹ تک آپ کو کوئی دوسری دوائیں، کھانا یا مشروبات نہیں لینا چاہیے۔
- گولی کو زیادہ سے زیادہ ½ گلاس پانی کے ساتھ پوری طرح نگل لینا چاہیئے۔ اسے چبایا یا کچلنا نہیں چاہیئے۔

اگر آپ اپنی گولی لینا بھول جائیں یا یہ بھول گئے ہوں کہ آپ نے اپنی گولی لی ہے یا نہیں، تو آپ کو اس خوراک کو چھوڑ دینا چاہیے اور اگلے دن معمول کی خوراک لینا چاہیے۔ آپ کو کبھی بھی دوہری خوراک نہیں لینا چاہئے۔

## وقفہ لیں

اگر آپ الٹی، اسہال یا سانس لینے میں دشواری سے بیمار ہو جاتے ہیں، اور یہ شبہ ہے کہ آپ پانی کی کمی کا شکار ہیں تو آپ کو علاج میں وقفہ کرنا چاہیے۔

September, 2023

## ممکنہ ذیلی اثرات

سب سے عام ذیلی اثرات یہ ہیں:

- اسہال
- متلی
- پیٹ میں درد

## نیچی خون کی شوگر کا خطرہ

علاج کے سلسلہ میں GLP-1 یکساں اثر والی ادویات نیچی خون کی شوگر کے ساتھ شاذ و نادر ہی وابستہ ہیں۔
جب یہ معمول کی حد 4 تا 6 ملی مول /فی لیٹر ہو، تو خون کی شوگر پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے ۔

## امدادی اشیاء کے لیے چھوٹ

جب آپ GLP-1 کے ساتھ علاج شروع کرتے ہیں تو آپ کے ٹیسٹ مواد کی چھوٹ کو تبدیل کرنا ضروری ہے۔
اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی ضرورت کے مطابق خون میں شوگر ناپنے کی تمام سٹرپس حاصل کر سکتے ہیں، نیز اپنے GLP-1 ٹیکہ کے لیے سوئیاں بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن 08.00 تا 16.00 بجے ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730